B.Ed.P - VI (Biology) /April-May 2015

سالانہ امتحان (Annual Exams) بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular اپریل/مئی 2015ء April/May

چھٹواں پرچہ : طریقۂ تدریس حیاتیاتی سائنس

Paper - VI : Methods of Teaching Biological Sciences

Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

جملہ نشانات : 100 Maximum. Marks

حصہ A

10 x 6 = 60

نوٹ: (1) مندرجہ ذیل دس (10) سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔

(2) ہر سوال کا جواب ایک صفحہ یعنی کم از کم (۱۵) سطروں پر مشتمل ہونا چاہیے۔

(3) ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مقرر ہیں۔

1. (الف) سائنس بطور عمل (Science as Process) کے تصور کی وضاحت کیجیے۔ سائنسی عمل کی کوئی پانچ مہارتوں کو مثالوں کی مدد سے واضح کیجیے۔

یا

(ب) انسانی بہبود میں حیاتیاتی سائنس کے کوئی چھ فائدے مثالوں کی مدد سے بیان کیجیے۔

2. (الف) ارتقاء کے نظریات کے حوالے سے چارلس ڈارون کے نظریہ کو مثالوں کی مدد سے واضح کیجیے۔

یا

(ب) ہندوستان میں غذائی اجناس کی کمی کے مسئلے کو حل کرنے اور 'سبز انقلاب' کے سلسلے میں ایم۔ایس۔سوامی ناتھن کے کردار کو تفصیلی طور پر بیان کیجیے۔

3. (الف) حیاتیاتی سائنس کی تدریس کے ذریعہ طلبہ میں کن اقدار کو فروغ دیا جاسکتا ہے؟ کوئی چار اقدار کی تفصیل بیان کیجیے جنھیں آپ بطور معلم اپنے طلبہ میں فروغ دیں گے؟

یا

(ب) آٹھویں جماعت کے طلبہ میں عنوان ''انسانی تنفسی نظام'' کی تدریس کے ذریعہ تفہیم (Understanding) اور اطلاق (Application) ہر دو تعلیمی مقاصد کے تحت دو خصوصی مقاصد (Specific Objectives) تحریر کیجیے۔

4. (الف) Team Teaching سے کیا مراد ہے؟ اس طریقہ کو عملی طور پر کس طرح اپنایا جاتا ہے۔ حیاتیات کی کسی اکائی کا بطور نمونہ انتخاب کر کے واضح کیجیے کہ آپ اس طریقہ تدریس کے ذریعہ کس طرح اس اکائی کے مختلف حصوں کے اکتساب کو موثر بنائیں گے؟

یا

(ب) حل مسئلہ طریقہ تدریس (Problem Sovling Method of Teaching) کس عمر کے طلبہ کے لیے موزوں ہوتا ہے؟ اس طریقہ کو حیاتیات کی تدریس میں کس طرح اپنایا جاتا ہے؟ کسی مثال کی مدد سے واضح کیجیے۔

5. (الف) منصوبہ سبق سے کیا مراد ہے؟ کسی معیاری منصوبہ سبق کی خصوصیات بیان کیجیے۔

یا

(ب) Aquarium اور Vivarium کی تیاری کس طرح کی جاتی ہے؟ بیان کیجیے۔

6. (الف) نصاب کی تنظیم کی Concentric Approach اور Integrated Approach کے فرق کو مثالوں کی مدد سے واضح کیجیے۔

یا

(ب) کسی حیاتیاتی سائنس کی درسی کتاب کے تنقیدی جائزہ میں کن امور کو مدنظر رکھا جاتا ہے؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔

7. (الف) تبدل (Mutation) کے تصور کی وضاحت مثالوں کی مدد سے کیجیے۔ Mutation متغیر (Variation) سے کس طرح مختلف ہوتے ہیں؟

یا

(ب) مینڈل (Mendel) کے نظریۂ توارث کی وضاحت کیجیے۔

8. (الف) حیاتیات کی تدریس میں کن ہم نصابی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جاسکتا ہے؟ کسی چار کی تفصیل بیان کیجیے۔

یا

(ب) تدریس میں معاشرتی وسائل کی کیا اہمیت ہوتی ہے؟ حیاتیات کی تدریس میں کن معاشرتی وسائل سے مدد لی جاسکتی ہے؟ کسی چار کی تفصیل بیان کیجیے۔

9. (الف) حیاتیاتی سائنس کی تجربہ گاہ میں کون سے حادثات پیش آسکتے ہیں؟ ان حادثات کی صورت میں دی جانے والی ابتدائی طبی امداد کی تفصیل بیان کیجیے۔

یا

(ب) ثانوی سطح کی حیاتیاتی تدریس میں Science Kit کی مدد سے کون کون سے آلات ترتیب دیے جاسکتے ہیں؟ ان میں کوئی دو تجربات کی تفصیل معہ اشکال کے بیان کیجیے۔

10. (الف) مسلسل جامع جانچ کے تصور کی وضاحت کیجیے۔ یہ جانچ دوسرے طریقوں سے کس طرح مختلف ہوتا ہے؟

یا

(ب) کسی امتحانی پرچہ کو معیاری بنانے کے لیے کن مراحل سے گزرنا ہوتا ہے؟ اس ضمن میں Validity اور Reliability کو کس طرح یقینی بنایا جاتا ہے؟ ہر ایک کے لیے ایک ایک طریقہ بیان کیجیے۔

حصہ B **2 x 20 = 40**

نوٹ: (1) **درج ذیل سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔**

(2) **ہر سوال کا جواب کم از کم چار (4) صفحات پر مشتمل ہونا چاہیے۔**

(3) **ہر سوال کے لیے 20 نمبرات مقرر ہیں۔**

11. (الف) اصطلاح 'نصاب' کی جامع تعریف بیان کیجیے۔ کسی نصاب کے مختلف اجزاء کیا ہوتے ہیں؟ نصاب کی تدوین میں ملحوظ رکھے جانے والے کوئی دس اصولوں کی تفصیل بیان کیجیے۔

یا

(ب) عالمی حدت (Global Warming) کے تصور کی وضاحت کیجیے۔ اس واقع میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کا کیا کردار ہوتا ہے؟ عالمی حدت کے نتیجہ میں کرۂ ارض کے نباتات اور حیوانات پر کس قسم کے مضر اثرات رونما ہوتے ہیں۔ تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

12. (الف) حیاتیات کی تدریس میں Constructivism طرز رسائی سے کیا مراد ہے؟ کسی موضوع سے متعلقہ پانچ (5) تصورات (Concepts) کی تفصیل بیان کیجیے اور اس طرز رسائی کے مختلف مراحل کو اپناتے ہوئے ایک منصوبہ سبق تیار کیجیے۔

یا

(ب) خرد تدریس (Micro Teaching) کے تصور کی وضاحت کیجیے۔ اس کا تاریخی پس منظر کیا تھا؟ قبل از مشقی تدریس میں خرد تدریس کی کیا اہمیت ہوتی ہے؟ تدریسی عمل کی کوئی چودہ (14) مختلف مہارتوں (Teaching Skills) کی تفصیل بیان کیجیے۔

☆☆☆